سوال

(451)کیا تجارتی نفع سود میں داخل ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تجارت کے اندر منافع کے ساتھ خرید وفروخت ازروئے شرع کیا حکم رکھتا ہے کیا اس قسم کا خرید وفروخت سود کے اندر داخل ہے یا الگ ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تجارت میں تو نفع ہی مقصود ہوتا ہے اگر بائع صاف کہہ دے کہ یہ چیز ایک روپے سے خریدی ہے اور اس پر اتنا، (٦٪ یا ٤٪) نفع لوں گا تو بھی جائز ہے اس کے سوا سائل کی مراد اگر کچھ اور ہو تو وہ واضح لفظوں میں بیان کرے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص426

محدث فتویٰ